3935-کیا نماز کو اول وقت سے لیٹ کر کے ادا کرنے سے دعا کی قبولیت میں رکاوٹ آتی ہے ؟

سوال

اگر کوئی نماز کو اول وقت سے اتنا موخر کرتا ہے کہ نماز کا وقت نکلنے سے پہلے ادا کرلیتا ہے ، تو کیا اس کے بارے میں ایسی کوئی دلیل ہے کہ ایسے شخص کی دعا قبول نہیں ہوتی ؟

پسندیدہ جواب

اس سوال کے بارے میں فضیلۃ الشیخ عبداللہ بن قعود حفظہ اللہ نے ہمیں جواب دیا، جسکا خلاصہ یہ ہے کہ :

ہمیں اس قسم کی کوئی دلیل نہیں معلوم ، ویسے دعا اللہ تعالی کبھی مصیبت میں پھنسے ہوئے شخص کی بھی قبول کرلیتا ہے ، چاہے کافر ہی کیوں نہ ہو۔

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے۔.